# نصاب اسلامیات

(لازمی)

## جماعت ششم تا ہشتم

مارچ 2002ء

PUNJAB TEXT BOOK BOARD
LIBRARY
ACC: NO:
LAHORE

شعبہ نصابیات، وزارتِ تعلیم، حکومتِ پاکستان، اسلام آباد

# نصاب اسلامیات (لازمی)

برائے

# جماعت ششم تا ہشتم

PUNJAB TEXTBOOK BOARD
LIBRARY
Acc: No:
LAHORE

شعبہ نصابیات، وزارتِ تعلیم

حکومتِ پاکستان، اسلام آباد

2002ء

# پیش لفظ

تعلیم ایک جاری عمل ہے اور نصابِ تعلیم مختلف سطح پر اس کی حدود کا تعین کرتا ہے، اس کے مقاصد کو واضع کرتا ہے اور اہداف کی نشاندہی کے ساتھ ساتھ ان کے حصول کے لیے مختلف النوع سرگرمیاں تجویز کرتا ہے۔

پاکستان ایک اسلامی جمہوری ملک ہے۔ اس لیے نظامِ تعلیم میں تمام مسلمان طلبہ کے لیے دینی تعلیم کو لازمی مضمون کی حیثیت دی گئی ہے۔ تعلیمی پالیسی میں اس امر کی خاص تاکید کی جاتی ہے کہ نصاب میں ایسا مواد شامل کیا جائے جو اسلام کے بنیادی عقائد، عبادات، اخلاقیات اور تہذیبی اقدار کے مطابق ہو۔ اس امر کی احتیاط بھی لازم ہے کہ اسلامیات کی تعلیم ادارے کے مجموعی پروگرام سے الگ نہ ہو بلکہ اسلام کی روح اور اقدار ہمارے تعلیمی نظام کے تانے بانے میں بُنی ہوئی ہوں۔

دینی تعلیم کا مقصد یہ قرار دیا گیا ہے کہ طلبہ ایسا مثبت ضابطۂ حیات اختیار کریں، جس میں ہمارے عظیم ماضی کا ورثہ شامل ہو، جو ہمارے مستقبل کی امیدیں اور آرزوئیں پوری کر سکے اور ہمارے نصب العین کے حصول کا وسیلہ بھی بنے۔

اس نصب العین کے پیشِ نظر تعلیمی پالیسی میں قرآنی اصول اور اسلامی طرزِ عمل اپنانے کو بڑی اہمیت دی گئی ہے۔ جس کے نتیجے میں نصاب متعین کیا جاتا ہے اور درسی کتب کی تدوین ہوتی ہے۔ چونکہ نصاب کی تدوین ایک مسلسل عمل ہے۔ لہٰذا کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد اس کا ازسرِ نو جائزہ لیا جاتا ہے۔ چنانچہ وزارتِ تعلیم نے ملک کے مقتدر ماہرینِ تعلیم کی ایک قومی کمیٹی تشکیل دی، جس نے ابتدائی درجے سے اعلیٰ ثانوی درجے تک کے لیے اسلامیات کے نصاب کا مسودہ مرتب کیا۔ اس مسودے پر نظرِ ثانی اور تبصرے کے لیے قومی منتخبہ کمیٹی کو دعوت دی گئی۔ ان تبصروں کی روشنی میں مسودہ نصاب کا ازسرِ نو جائزہ لیا گیا اور اسے حتمی شکل دی گئی۔

یہ امر باعثِ مسرت ہے کہ ماہرینِ تعلیم اور اساتذہ کی مشترکہ مساعی سے ایسا نصابِ اسلامیات مرتب کر لیا گیا ہے، جس میں قرآن وحدیث اور اہم دینی معلومات شامل کی گئی ہیں۔ امید ہے یہ نصاب طلبہ کے نظریاتی تعلیم کے فروغ کے ساتھ ساتھ زمانے کے بدلتے تقاضے پورا کرنے، نشاطِ عمل اور حصولِ علم کا جذبہ ابھارنے اور تحقیق وجستجو کی لگن پیدا کرنے میں ممد ومعاون ثابت ہوگا۔

وزارتِ تعلیم، شعبہ نصاب جملہ ماہرینِ تعلیم اور اساتذہ کا شکر گذار ہے جن کی مخلصانہ مساعی اور سرگرم تعاون سے یہ نصاب پایہ تکمیل کو پہنچا۔

ڈاکٹر ہارونہ جتوئی
جائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر
شعبہ نصاب، وزارتِ تعلیم
اسلام آباد

PUNJAB TEXTBOOK BOARD
LIBRARY
Acc. No:
LAHORE.

# فہرست عنوانات


| صفحہ | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 1 | مقاصد | 1 |
| | نصاب | 2 |
| 2 | ۔جماعت ششم | |
| 3 | ۔جماعت ہفتم | |
| 4 | ۔جماعت ہشتم | |
| | ہدایات | 3 |
| 5 | ۔برائے مؤلفین | |
| 5 | ۔برائے معلمین | |
| 6 | فہرست شرکاءقومی کمیٹی | 4 |
| 7 | فہرست شرکاءمنتخبہ قومی کمیٹی | 5 |


PUNJAB TEXT BOOK BOARD LIBRARY Acc: No: LAHORE.

# نصاب اسلامیات (لازمی)

## جماعت ششم تا ہشتم

# تدریسِ اسلامیات کے مقاصد

نصاب کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں کہ:

۱۔ ان کا اس بات پر ایمان ہو کہ اللہ ایک ہے۔ وہ ہمارا خالق، مالک اور حاکم ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ حضرت محمد ﷺ اللہ کے آخری رسول ہیں۔

۲۔ وہ اللہ کی طرف سے لوگوں کی ہدایت کے لئے مقرر کئے ہوئے رسولوں، ان کے ذریعے سے انسانوں کی رہنمائی کے لئے بھیجی جانے والی کتابوں، اللہ کے فرشتوں اور آخرت پر پورے یقین اور صدقِ دل سے ایمان لائیں۔

۳۔ وہ قرآن کی تلاوت کی اہمیت اور اس کے آداب سے واقف ہوں۔ قرآنِ کریم کی درست تلفظ کے ساتھ تلاوت کریں اور اس کا مفہوم سمجھ سکیں۔ ذوق وشوق اور خشیت واخلاص کے ساتھ قرآنی تعلیمات کی پیروی کریں۔

۴۔ وہ زندگی کے ہر شعبے میں دینی تعلیم کی اہمیت سمجھیں اور اسے عملی طور پر اپنائیں۔ رسول ﷺ کی سیرت اور اسوۂ حسنہ سے آگاہ ہوں۔ سچے دل سے اس کا اتباع کریں اور معاشرے میں اسلامی اقدار وتعلیمات کے اِحیاء کا فریضہ سرانجام دے سکیں۔

۵۔ وہ اسلامی عبادات کی اہمیت سے آگاہ ہوں اور ان پر عمل پیرا ہوں۔

۶۔ وہ اپنے وطن پاکستان کی محبت، قومی یکجہتی، اسلامی اخوت، تحمل وبردباری، عالمی رواداری، مساواتِ انسانی، وقت کی پابندی، نظم ونسق، محبت، صفائی، حسنِ معاشرت، قانون کا احترام، ایفائے عہد، عدل واحسان، اخلاص، تقویٰ، کسبِ حلال، رحم دلی، عفوودرگزر، سچائی، دیانتداری، کاروبار میں دیانت اور خدمتِ خلق جیسے اچھے اخلاق واوصاف اختیار کریں۔

۷۔ وہ اعمال وافکار اور روزمرہ زندگی میں سادگی کا مظاہرہ کریں اور فضول خرچی، فخر وغرور، نمود ونمائش، بے جا تکلفات اور منافقت کی تمام صورتوں سے اجتناب کریں۔

۸۔ وہ اپنی عمر کی مناسبت سے روزمرہ زندگی کے ضروری آداب ومعاملات کے متعلق اسلامی تعلیمات اور ان کے فوائد وبرکات سے آگاہ ہوں اور ان کے دلوں میں ان پر عمل کرنے کا جذبہ وشوق پیدا ہو۔

۹۔ وہ معاشرتی زندگی کے سلسلے میں ضروری حقوق وفرائض سے متعلق اسلامی تعلیمات اور ان کی اہمیت سے واقفیت حاصل کریں اور انہیں عملی طور پر اختیار کریں۔

۱۰۔ انبیائے کرام علیہم السّلام اور صحابہ کرامؓ کی سیرت سے آگاہ ہوں۔

# جماعت ششم

## باب اوّل: القرآن:

(الف) ناظرہ قرآن: پارہ نمبر ۸ تا ۱۳ (۶ پارے)۔

(ب) حفظِ قرآن: سورۃ العٰدیٰت۔ القارعۃ اور التکاثر۔

(ج) حفظ و ترجمہ: ۱۔ ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا وترحمنا لنکونن من الخسرین۔

۲۔ ربنا افرغ علینا صبرا وثبت اقدامنا وانصرنا علی القوم الکافرین۔

۳۔ ربنا اغفرلنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان۔

## باب دوم: ایمانیات وعبادات:

(الف) ایمانیات: اللہ پر ایمان (توحید اور اس کے تقاضے)

(ب) عبادات:

۱) اذان (فضیلت واہمیت)

۲) نماز: اہمیت۔ اصطلاحات (نیت، تکبیرِ تحریمہ، قیام، قرأت، رکوع، سجدہ، قعدہ اور سلام)

۳) نمازِ جنازہ اور اس کی اہمیت

## باب سوم: اسوۂ حسنہ:

۱۔ مسجد: معاشرے میں اس کا کردار، مسجدِ قبا، مسجدِ نبوی (تعمیر)

۲۔ اسلامی ریاست کے قیام کی طرف پہلا قدم: میثاقِ مدینہ

۳۔ صلح حدیبیہ

۴۔ فتح خیبر

## باب چہارم: اخلاق وآداب:

۱۔ طہارت وپاکیزگی ۴۔ راست بازی

۲۔ حقوق العباد (والدین، اولاد، اساتذہ، ہمسایہ) ۵۔ امانت

۳۔ ملک وملت کے لئے ایثار کا جذبہ ۶۔ احسان

## باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے:

(الف) ہدایت کے مینار: حضرت ابراہیم علیہ السلام

(ب) ہدایت کی طرف سفر: حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت خدیجہؓ

# جماعت ھفتم

## باب اوّل: القرآن:

(الف) ناظرہ قرآن: پارہ نمبر ۱۴ تا ۲۱ (آٹھ پارے)۔

(ب) حفظِ قرآن: سورۃ الضحٰی، الانشراح، التین اور القدر۔

(ج) حفظ و ترجمہ: ۱۔ ربنا لاتواخذنا ان نسینا او اخطانا...فانصرنا علی القوم الکفرین۔

۲. رب اشرح لی صدری....... یفقھوا قولی۔

## باب دوم: ایمانیات و عبادات:

ا۔ ایمانیات: عقیدۂ رسالت اور اس کے تقاضے

ب۔ عبادات: (ا) اسلام میں عبادت کا تصور (۲) دعا کی اہمیت و فضیلت (۳) زکوٰۃ (تعارف، اہمیت اور روزمرہ زندگی میں اس کے فوائد)

## باب سوم: اسوۂ حسنہ:

ا۔ فتح مکہ

۲۔ غزوہ حنین

۳۔ غزوہ تبوک (مسلمانوں کی بے مثال قربانیاں)

۴۔ خطبہ حجۃ الوداع

۵۔ فرماں رواؤں کو دعوتِ اسلام

۶۔ حضور ﷺ کا سفرِ آخرت

۷۔ رسول اکرم ﷺ کی گھریلو زندگی

۸۔ حضور ﷺ کا اندازِ گفتگو

## باب چہارم: اخلاقیات:

ا۔ سخاوت کی فضیلت اور بخل کی مذمت

۲۔ میانہ روی

۳۔ مساوات

۴۔ حقوق العباد (رشتہ دار، مہمان اور مریض)

۵۔ ماحول کی آلودگی اور اسلامی تعلیمات

۶۔ محنت کی عظمت

## باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے:

(الف) ہدایت کے مینار: حضرت موسٰی علیہ السلام

(ب) ہدایت کی طرف سفر: حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عائشہؓ۔

# جماعت ہشتم

## باب اوّل: القرآن:

(الف) ناظرہ قرآن: پارہ نمبر ۲۲ تا ۳۰ (نو پارے)۔

(ب) حفظِ قرآن: سورۃ الیل، الزلزال اور الھمزہ۔

(ج) حفظ و ترجمہ: سورہ الفاتحہ اور آیۃ الکرسی۔

## باب دوم: ایمانیات و عبادات:

(الف) ایمانیات: عقیدہ آخرت اور تعمیر سیرت میں اس کا کردار

(ب) عبادات: حج اور اس کی عالمگیریت

(ج) ذکرِ الٰہی

(د) جہاد

## باب سوم: اسوۂ حسنہ:

۱۔ خلق عظیم (رحمت و شفقت)

۲۔ صبر و تحمل

۳۔ ایفائے عہد

۴۔ استقامت

۵۔ حسنِ معاشرت

۶۔ اخلاص و تقویٰ

۷۔ عدل و احسان

۸۔ اندازِ تربیت و تبلیغ

## باب چہارم: اخلاقیات:

۱۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر

۲۔ حقوق العباد (یتیم، بیوہ، معذور، مسافر)

۳۔ کاروبار میں دیانت

۴۔ اتحادِ ملّی

۵۔ کسبِ حلال

۶۔ قانون کا احترام

## باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے:

(الف) ہدایت کے مینار: حضرت عیسٰی علیہ السلام

# ہدایات

## درسی کتب اسلامیات جماعت ششم تا ہشتم

### برائے مؤلفین:

۱۔ کتاب مرتب کرتے وقت نصاب کے مقاصد کو مدنظر رکھا جائے۔

۲۔ ناظرہ قرآن میں مہارت پیدا کرنے کے لیے دیا گیا مواد خوشخط اور واضح تحریر کیا جائے۔

۳۔ ہر سبق کے آخر میں ایسی مشقیں دی جائیں، جن سے بچے سبق کو اچھی طرح ذہن نشین کرسکیں۔

۴۔ اختلافی معاملات و مسائل کو درسی مواد میں شامل نہ کیا جائے۔

۵۔ انبیائے کرام کے نام کے ساتھ علیہ السلام/علیہم السلام، آخری نبی کے نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ والہ وسلم لکھا جائے اور صحابہ کرامؓ، صحابیات کے نام کے ساتھ، رضی اللہ عنہ/رضی اللہ عنھا پورا تحریر کیا جائے۔

۶۔ تدریسی مواد بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق شامل کیے جائیں، ان کا اندازِ تحریر سادہ اور عام فہم ہو اور مشکل الفاظ اور عبارت آرائی سے احتراز کیا جائے۔

۷۔ تمام تدریسی کتب میں "دینیات" کی بجائے اسلامیات کا لفظ تحریر کیا جائے۔

### معلمینِ اسلامیات:

۱۔ استاد کی تعلیمی قابلیت مضمون کی مناسبت سے ہونی چاہیے۔ چنانچہ تقرر کے سلسلے میں اس کا خیال رکھا جائے۔

۲۔ جدید طریقہ ہائے تدریس وفنی مہارات استعمال کی جائیں تاکہ اسلامیات کی تدریس کو موثر بنایا جائے۔ صرف تقریری انداز ناکافی ہے۔ بحث، مظاہراتی، عملی، سوال و جواب، عملی کام جیسے طریقے بھی تدریسِ اسلامیات کے لئے مناسب ہیں۔

۳۔ تدریس کو جدید طریقہ ہائے تدریس/فنی مہارات سے آراستہ کرنے کے لیے اساتذہ کو ریفریشر کورسز کرائے جائیں۔

PUNJAB TEXTBOOK BOARD
LIBRARY
Acc: No:
LAHORE.

# فہرست شرکاء قومی کمیٹی برائے نصاب اسلامیات (لازمی)

## برائے جماعت ششم تا ہشتم

1 پروفیسر ڈاکٹر محمد امین، پرنسپل، گورنمنٹ کالج خیر آباد، مردان

2 محمد سعید احمد خان، ایسوسی ایٹ پروفیسر، صدر شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ اسلامیہ کالج سول لائن، لاہور

3 راؤ ارتضیٰ خان، اسسٹنٹ پروفیسر، صدر شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ ایف سی کالج، لاہور

4 ڈاکٹر ضیاء الحق، صدر شعبہ عربی واسلامیات، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

5 محمود احمد، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ ڈگری کالج چمن، بلوچستان

6 ڈاکٹر سید الاذکیاء ہاشمی، اسسٹنٹ پروفیسر (اسلامیات) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، مانسہرہ

7 مفتی محبوب اللہ، گورنمنٹ کالج برائے طلبہ، ایچ نائن، اسلام آباد

8 ڈاکٹر حافظ محمد انور، اسسٹنٹ پروفیسر، اسلام آباد ماڈل کالج برائے طلبہ، ایف ایٹ فور، اسلام آباد

9 ڈاکٹر قاضی معصوم الرحمٰن، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، وزارت مذہبی امور، اسلام آباد

10 ڈاکٹر خلیل احمد کورائی، گورنمنٹ ایلیمنٹری کالج آف ایجوکیشن فارمین، حیدر آباد

11 عبدالحکیم پٹھان ماہر مضمون سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ جام شورو سندھ۔

12 ڈاکٹر ہارونہ جتوئی، جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر، وزارتِ تعلیم، اسلام آباد۔

13 عبدالرشید، ڈپٹی ایجوکیشنل ایڈوائزر، وزارتِ تعلیم، اسلام آباد۔

14 ڈاکٹر محمد حنیف، ڈپٹی ایجوکیشنل ایڈوائزر، وزارتِ تعلیم، اسلام آباد۔

15 امتیاز خان، ریسرچ آفیسر، وزارتِ تعلیم، اسلام آباد۔

PUNJAB TEXTBOOK BOARD LIBRARY Acc: No: LAHORE

# فہرست شرکاء منتخبہ کمیٹی برائے نصاب اسلامیات (لازمی)

## جماعت ششم تا ہشتم

1 ڈاکٹر ہارونہ جتوئی، جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر، وزارتِ تعلیم، اسلام آباد

2 پروفیسر جاوید علی چوہدری، ڈپٹی ڈائریکٹر، مرکز تحقیق و ترقی نصاب، لاہور

3 سید مسرت حسین رضوی، ایڈیشنل پراوینشل کوارڈینیٹر برائے نصاب، جامشورو، سندھ

4 منیر احمد، سبجیکٹ سپیشلسٹ، کریکولم اینڈ ٹیچر ایجوکیشن، این۔ ڈبلیو۔ ایف۔ پی، ایبٹ آباد

5 عبدالرشید، ڈپٹی ایجوکیشنل ایڈوائزر، وزارتِ تعلیم، اسلام آباد

6 ڈاکٹر محمد حنیف، ڈپٹی ایجوکیشنل ایڈوائزر، وزارتِ تعلیم، اسلام آباد

7 امتیاز خان، ریسرچ آفیسر، وزارتِ تعلیم، اسلام آباد

PUNJAB TEXTBOOK BOARD
LIBRARY
ACC: NO:
LAHORE

PUNJAB TEXTBOOK BOARD
LIBRARY
Acc: No:
LAHORE.

PUNJAB TEXT BOOK BOARD
LIBRARY
ACC: NO:
LAHORE

مطبوعہ: نیشنل بک فاؤنڈیشن، اسلام آباد
کوڈ نمبر: ایس ٹی بی/1046

PUNJAB TEXTBOOK BOARD
LIBRARY
ACC: NO:
LAHORE